فِیْ التَّوْرٰىةِ یہ اوصاف اور قصہ جو مذکور ہوا توریت میں ہے اور اونکی صفت انجیل میں یہ

فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ

اُن کے منہ پر ہے سجدیکے اثر سے

ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ ۛۚ

یہ کہاوت اونکی توریت مین ہے

وَ مَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ ۛ۫

اور کہاوت اُنکی انجیل مین ہے

كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ

جیسے کہیتی نے نکالا اپنا پٹھا

فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی

پھر اوسکی کمر مضبوط کی پھر موٹا ہوا پھر کہڑا ہو

جیسے کہ کہیتی جتنے پہلا زمین سے اپنا پٹھا نکالا پھر اوسے مضبوط کر لیا اور کہیتی سخت اور موٹی ہوگئی اور پھر اپنے تنا پر کہڑی ہو گئی یعنے برابر ہوگئے جسقدر اونکا شاخ اور پتی ... اور اپنی جڑ پر کہڑی ہوئی ... اوسے ... چھوٹے ...

عَلٰی سُوْقِہٖ یُعْجِبُ

اپنے نال پر خوش لگتا

الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِھِمُ

کھیتی والون کو تا جلاوے اِن سے جی

الْکُفَّارَ ط وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ

کافرون کا وعدہ دیا ہے اللہ نے اُنھین سے جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ

یقین لائے ہین اور کئے ہین بھلے کام

مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا ○

اُن سے اللہ نے معافی اور بڑے اجر کا وعدہ کیا ہے

صحاب اور تمام اہل ایمان ... اللہ وعدہ کرتا ہے کہ جو اُن مین سے ایمان لائے اور نیک عمل کرے اونہین مین بخشدونگا اور ثواب عظیم یعنی جنت عنایت فرماونگا

فہرست

نمبر	نام سورۃ	کلام مجید کے کس پارہ میں ہے	صفحہ
۱	سورۂ یٰسٓ	بائیسواں پارہ ۲۲ - ومن یقنت	۲
۲	سورۃ الفتح	چھبیسواں پارہ ۲۶ - حٰم	۲۳
۳	سورۃ الرحمٰن	ستائیسواں پارہ ۲۷ قال فما خطبکم	۱۰
۴	سورۃ الواقعہ	ایضاً - ایضاً	۸
۵	سورۃ الملک	انتیسواں پارہ ۲۹ - تبٰرک الذی	۹۸
۶	سورۃ المزمل	ایضاً - ایضاً	۱۰۴
۷	سورۃ النبا	تیسواں پارہ ۳۰ - عم	۱۱۷
۸	نود و نہ نام باری تعالیٰ عز اسمہ		۱۲۳
۹	اسناد ہفت سورہ -		۱۲۵
۱۰	قطعات تاریخ -		۱۳۱

مکیۃ	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	سورۃ یٰسین

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا رحم والا مہربان ہے

یٰسٓ ۝ قف وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ اِنَّكَ

یٰسین ۳ قسم ہے اس پکے قرآن کی کہ بے شبہ

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ لا عَلٰى صِرَاطٍ

اے محمد تم ہی پیغمبروں میں سے ہو اور دین کے سیدھے

مُّسْتَقِيمٍ ۝ تَنْزِيلَ الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ

رستہ پر ہو زبردست اور مہربان خدا نے اوتارا

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ أُنْذِرَ آبَآؤُهُمْ

کہ تم اون لوگون کو ڈراؤ جنکے پرکھے نہین ڈرائے گئے

فَهُمْ غٰفِلُونَ ۝ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ

اسی باعث وہ دین سے بیخبر ہین انمین سے بہتون پر تو قول

عَلٰٓى أَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝

پورا ہوچکا وہ تو کسی طرح ایمان نہ لائین گے

إِنَّا جَعَلْنَا فِيٓ أَعْنَاقِهِمْ أَغْلٰلًا

ہم نے اون کی گردنون مین بہاری طوق ڈالدئے ہین

فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُمْ مُقْمَحُونَ ○

جنہون نے انکی ٹھوڑیون تک پہنچکے سرون کو اوچکا دیا ہے

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا

ہم نے ایک دیوار تو انکے آگے اور ایک پیچھے بنادی

وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ

پھر اوپر سے اون کو ڈھانک دیا ہے

فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ○ وَسَوَاءٌ عَلَيْهِمْ

اسلئے اونکو نہین سوجہتا اور اُن کے لئے

ءَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ○

ڈرانا یا نہ ڈرانا برابر ہے وہ تو ایمان نہین لائین گے

وجعلنا من ایدیهم اس آیت مین اللہ جل شانہ نے دوسری تمثیل اونکی راہ حق نہ پانے کی بیان فرمائی ہے کہ جیسے کوئی آگے پیچھے اور داہنے بائین دیوارین اور اوپر چھت سے اندھیری کوٹھری مین پڑا ہو نہ راستہ پاوے نہ دیکھ سکے — وسواء علیهم۔ یہ آیتین ابوجہل وغیرہ کے حق مین نازل ہوئی تھین کیونکہ ایک دن ابوجہل نے قسم کھائی تھی [illegible]

إِنَّمَا تُنذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ

اے محمد تم تو صرف اسی کو ڈرا سکتے ہو جو سمجھانے پر چلے اور

الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ

بن دیکھے خدائے رحمن سے ڈرے پس اسکو گناہوں کی معافی

وَأَجْرٍ كَرِيمٍ ۝ إِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى

اور عزت کے اجر کا مژدہ سنادو تحقیق ہم ہی مردوں کو حشر میں جلائینگے

وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ ط وَكُلَّ

اور انکے آگے بھیجے ہوئے اعمال اور انکے پیچھے رہے ہوئے آثار لکھتے ہیں اور ہر

شَيْءٍ أَحْصَيْنٰهُ فِي إِمَامٍ مُّبِينٍ ۝

چیز ہمنے ایک کھلی ہوئی اصل میں گن رکھی ہے

فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُونَ ○

جنہون نے اُنکی ٹھوڑیون تک پہنکے سرون کو اوچکا دیا ہے

وَجَعَلْنَا مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا

ہم نے ایک دیوار تو اُنکے آگے اور ایک پیچھے بنادی

وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ

پھر اوپر سے اون کو ڈھانک دیا ہے

فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ○ وَسَوَاءٌ عَلَيْهِمْ

اسلئے اونکو نہین سوجھتا اور اُن کے لئے

ءَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ○

ڈرانا یا نہ ڈرانا برابر ہے وہ تو ایمان نہین لائین گے

إِنَّمَا تُنذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ

اے محمد تم تو صرف اسی کو ڈرا سکتے ہو جو سمجھانے پر چلے اور

الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ

بن دیکھے خدائے رحمن سے ڈرے پس اسکو گناہوں کی معافی

وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى

اور عزت کے اجر کا مژدہ سنادو تحقیق ہم ہی مردوں کو حشر میں جلائینگے

وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۚ وَكُلَّ

اور انکے آگے بھیجے ہوئے اعمال اور انکے پیچھے رہے ہوئے آثار لکھتے ہیں اور ہر

شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝

چیز ہمنے ایک کھلی ہوئی اصل میں گن رکھی ہے

فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُمْ مُقْمَحُونَ ○

جنہون نے انکی ٹھوڑیون تک پہنچکے سرون کو اوچکا دیا ہے

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا

ہم نے ایک دیوار تو انکے آگے اور ایک پیچھے بنادی

وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ

پھر اوپر سے اون کو ڈہانک دیا ہے

فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ○ وَسَوَاءٌ عَلَيْهِمْ

اسلئے اونکو نہین سوجہتا اور اون کے لئے

ءَأَنْذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ○

ڈرانا یا نہ ڈرانا برابر ہے وہ تو ایمان نہین لائین گے

إِنَّمَا تُنذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ

اے محمد تم تو صرف اسی کو ڈرا سکتے ہو جو سمجھانے پر چلے اور

الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ

بن دیکھے خدائے رحمن سے ڈرے پس اسکو گناہونکی معافی

وَاَجْرٍ كَرِيمٍ ۝ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى

اور عزت کے اجر کا مژدہ سنا دو تحقیق ہم ہی مردونکو حشر مین جلائینگے

وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَاٰثَارَهُمْ ط وَكُلَّ

اور انکے آگے بھیجے ہوئے اعمال اور انکے پیچھے رہے ہوئے آثار لکھتے ہین اور ہر

شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝

چیز جیسے ایک کھلی ہوئی اصل مین گن رکھی ہے

مثلا از ذوات کہ عیسیٰ علیہ السلام نے انطاکیہ والوں کے پاس اپنے دو حواری بھیجے [illegible]

وہاں کے لوگوں کو بتوں کی عبادت کی [illegible]

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ

اور انہیں مثال کے طور پر ایک گانوں والوں کا قصہ سنا دو

اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝ اِذْ اَرْسَلْنَآ

کہ ان کے پاس پیغمبر آئے جب بھیجے ہم نے

اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا

انکے پاس دو پیغمبر تو ان کو جھٹلایا پھر ہمنے زور دیا

بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ

تیسرے سے تب انہوں نے کہا کہ ہم تمہارے پاس

مُّرْسَلُوْنَ ۝ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا

بھیجے ہوئے آئے ہیں وہ کہنے لگے کہ تم تو ایسے ہی

بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ

انسان ہو جیسے کہ ہم اور خدای رحمن نے تو کبھی

مِنْ شَيْءٍ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ○

کوئی چیز اوتاری نہین تم تو محض جھوٹ بولتے ہو

قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ

پیغمبرون نے کہا ہمارا پروردگار جانتا ہے کہ ہم بیشک تمہاری پاس

لَمُرْسَلُوْنَ ○ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ

خدا کے بھیجے ہوئے آئے ہین اور ہمارا ذمہ تو یہی ہے کہ پہنچا دین

الْمُبِيْنُ ○ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ

کھول کر وہ کہنے لگے ہم نے تم کو منحوس پایا

لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَ

اگر تم نہ چھوڑو گے تو ہم تمہیں سنگسار کرینگے اور

لَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○

ضرور تم کو ہم سے سخت تکلیف پہونچے گی

قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ

کہنے لگے کہ یہ تو تمہاری شامت تمہارے پیچھے ہے اس سی کیا کہ تمہیں سمجھایا گیا

بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ○ وَجَآءَ

بلکہ تم خود ایسے ہو جو حد پر نہیں رہتے اور آیا

مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى

شہر کے پرلے سرے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا

قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ اتَّبِعُوْا

بولا اے لوگو ان پیغمبرون کی راہ پر چلو ایسونکی راہ پر چلو

مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ

جو تم سے مزدوری بھی نہین مانگتے اور خود بھی ہدایت پائے ہوئے ہین

وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ

اور مجھے کیا ہے کہ مین اُسکی بندگی نہ کرون جس نے مجھکو بنایا

وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ

اور اُسی کے پاس لوٹ کر جانا ہے کیا مین اُسکے سوا لے دوسرونکو

اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ

مان لون معبود کہ اگر مجھے خداے رحمن کچھہ تکلیف دے

لَا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَّ

تو اون کی سفارش میرے کچھ کام نہ آئے اور

لَا يُنْقِذُوْنِ ۝ اِنِّيْ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ

نہ وہ مجھکو نجات دیسکیں تو تو میں پھٹکارا ہوا ہو جاؤں

مُّبِيْنٍ ۝ اِنِّيْ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ

صریح میں تو تمہارے رب پر ایمان لے آیا

فَاسْمَعُوْنِ ۝ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ

پس میری نصیحت سن لو حکم ہوا کہ بہشت میں چلا جا

قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ۝

وہ بولا کہ کسی طرح میری قوم کو معلوم ہو جاوے

بِمَا غَفَرَ لِي رَبِّي وَجَعَلَنِي مِنَ

کہ میرے رب نے مجھے بخش دیا اور مجھے داخل کیا

الْمُكْرَمِينَ ۝ وَمَا أَنْزَلْنَا عَلَىٰ قَوْمِهِ

عزت والون مین اور ہم نے اسکی قوم پر نہین اوتاری

مِنْ بَعْدِهِ مِنْ جُنْدٍ مِنَ السَّمَاءِ

اوس کے بعد کوئی فوج آسمان سے

وَمَا كُنَّا مُنْزِلِينَ ۝ إِنْ كَانَتْ

اور ہم اوتارا ہی نہین کرتے تھے وہ تو

إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ

ایک آواز سخت کردی گئی اور وہ اوسی وقت

کوئی فوج فرشتون کی
نہین اوتاری اور یہ ہماری
ایسی عادت ہی نہین
اوسکی ضرورت ہماری
ان کانت الا
صیحۃ اون کا ہلاک کرنا

خَامِدُونَ ○ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ج

ٹھنڈے ہوکر رہگئے　　بندون پر ہمکو بڑا افسوس آتا ہے

مَا يَأْتِيهِمْ مِنْ رَسُولٍ إِلَّا كَانُوا

اونکے پاس کوئی رسول نہین آیا　　جسکی انہون نے

بِهٖ يَسْتَهْزِءُونَ ○ أَلَمْ يَرَوْا كَمْ

ہنسی نہ اوڑائی ہو　　کیا وہ یہ نہین دیکھتے

أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنَ الْقُرُونِ أَنَّهُمْ

کہ ہم اُن سے پہلے کتنے گروہون کو ہلاک کرچکے ہین

إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُونَ ○ وَإِنْ كُلٌّ

جو اون کے پاس پھر کبھی نہین آسکنے　　اور ان سب مین

لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ○ وَآيَةٌ

کوئی نہین جو ہمارے پاس حاضر نہ رکہا گیا ہو اور ایک نشانی ہے

لَّهُمُ الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ أَحْيَيْنَاهَا وَ

اُن کے لئے مردہ پڑی ہوئی زمین اُسکو ہم نے جلایا اور

أَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ ○

اوس مین سے اناج نکالا سو اُسی مین سے وہ کہاتے ہین

وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنَّاتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَ

اور زمین پر ہم نے باغ بنائے کہجورون اور

أَعْنَابٍ وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ ○

انگورون کے اور پانی کے چشمے بہائے

يحسرة على العباد الخ اس آیت مین یا تو حق تعالے بندون کے پیغمبرون پر ایمان نہ لانے پر افسوس ظاہر فرماتا ہے جیسا

خامدون ۝ يحسرة على العباد ج

ٹھنڈے ہوکر رہگئے　　بندون پر ہمکو بڑا افسوس آتا ہے

ما يأتيهم من رسول الا كانوا

اونکے پاس کوئی رسول نہین آیا　　جسکی انہون نے

به يستهزءون ۝ الم يروا كم

ہنسی نہ اوڑائی ہو　　کیا وہ یہ نہین دیکھتے

اهلكنا قبلهم من القرون انهم

کہ ہم ان سے پہلے کتنے گروہون کو ہلاک کرچکے ہین

اليهم لا يرجعون ۝ وان كل

جو اون کے پاس پھر کبھی نہین آئے　　اور ان سب مین

لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ○ وَاٰيَةٌ

کوئی نہین جو ہمارے پاس حاضر نہ رکہا گیا ہو اور ایک نشانی ہی

لَّهُمُ الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ أَحْيَيْنَاهَا وَ

اون کے لئے مردہ پڑی ہوئی زمین اسکو ہم نے جلایا اور

أَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ ○

اوس مین سے اناج نکالا سو اوسی مین سے وہ کہاتے ہین

وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنَّاتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَّ

اور زمین پر ہم نے باغ بنائے کہجورون اور

أَعْنَابٍ وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ ○

انگورون کے اور پانی کے چشمے بہائے

لَا الشَّمۡسُ يَنۡۢبَغِيۡ لَهَاۤ اَنۡ تُدۡرِكَ

نہ تو سورج ہی سے ہوسکتا ہے کہ جا پکڑے

الۡقَمَرَ وَلَا الَّيۡلُ سَابِقُ النَّهَارِ‌ؕ

چاند کو اور نہ رات دن سے آگے بڑھ سکتی ہے

وَكُلٌّ فِىۡ فَلَكٍ يَّسۡبَحُوۡنَ ○

اور ہر ایک اپنے اپنے مدار مین پڑے تیر رہے ہین

وَاٰيَةٌ لَّهُمۡ اَنَّا حَمَلۡنَا ذُرِّيَّتَهُمۡ

اور ایک نشانی اُنکے لئے ہی کہ ہم نسل انسان کو اُٹھائے پھرتے ہین

فِى الۡفُلۡكِ الۡمَشۡحُوۡنِ ○ وَخَلَقۡنَا

بھری ہوئی کشتیون مین اور ہم نے بنادئے

سورج اور چاند مین ہر ایک اپنے اپنے مدار مین تیرا کرتا ہے ایک دوسرے کا ساتھ جمع نہین ہوسکتا اُنکا انتظام سوا اسکے اور کون کرسکتا ہے اور نہ دن پورا ہونے سے پہلے رات آسکتی ہے۔

وآیۃ لھم انا۔ بعض مفسرین کی راے یہ ہی کہ ذریۃ کے لفظ سے آبا و اجداد مراد ہین یعنیٰ یہ لفظ اولاد پر بھی بولا جاتا ہے اور باپ دادون کے لئے بھی آتا ہے اس لئے آیت کا مطلب یہ ہوا کہ ایک نشانی ہماری قدرت

کی یہی ہے کہ ہم نے اُنکے باپ دادون کو بھری ہوئی کشتی مین سوار کیا اور نوح کی کشتی مین وقت طوفان بچالیا جو اس وقت اولاد ہین یعنی ان لوگون کی اولاد ہین اور نوح کی کشتی مین سوار ہوئے بچ گئے اسی طرح ہم نے ان کو اور بچایا ہے۔

وخلقنا لھم۔ اور ہم نے اوس کشتی کی شکل پر چھوٹی کشتیان اور جہازون اور دریاؤن مین چلنے کی سواری بنائی ہین

لَهُمْ مِنْ مِثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ۝

اون کے لئے اوسی طرح کے جنپر وہ چڑھتے ہین

وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ

اور اگر ہم چاہین تو اونکو غرق کردین پہر کوئی اُنکی فریاد کو نہ پہنچے

لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ۝ اِلَّا رَحْمَةً

اور نہ وہ خلاص کئے جا سکین مگر یہ ہماری مہربانی

مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ۝ وَاِذَا

ہے اور ایک وقت خاص تک ہمین کام چلانا ہی اور جب

قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ

اون سے کہا جاتا ہے کہ اوس سے ڈرو جو تمہارے سامنے ہی

وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝

اور جو تمہارے پیچھے ہے شاید تم پر رحم کیا جاوے

وَمَا تَأْتِيهِم مِّنْ آيَةٍ مِّنْ آيَاتِ

اور کوئی حکم نہین پہونچا اُنکے پاس حکمون مین سے

رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ۝

پروردگار کے جسے وہ ٹالتے نہون

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ

اور جب منکرون سے کہا جاتا ہے کہ کچھہ خرچ کرو

اللَّهُ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ

اللہ کے دئے مین سے تو مسلمانون سے کہتے ہین

آمَنُوٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ

کہ ہم ایسے کو کیون کہلائین جسکو خدا چاہے

اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ

تو خود کہلا سکتا ہے تم لوگ تو گمراہی مین پڑے ہوئے ہو

مُّبِيْنٍ ○ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا

صریح اور منکر پوچھتے ہین کب پورا ہوگا

الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○

وعدۂ حشر و قیامت اگر تم سچے ہو

مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً

یہہ لوگ ایک چنگھاڑ کی راہ دیکھتے ہین جو

تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ○

اون کو آپکڑے گی جب وہ آپسمین جھگڑ رہے ہونگے

فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَا

پھر نہ تو وصیت کرسکین گے اور نہ

اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ○ وَنُفِخَ

اپنے جورو بچون مین لوٹ جاسکینگے اور جب پھونکا جائیگا

فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ

صور تو قبرون سے نکل کے

اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ○ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا

اپنے پروردگار کیطرف چل پڑینگے کہینگے ہای ہماری خرابی

مَن بَعَثَنَا مِن مَّرقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا

کسنے ہمین ہماری خوابگاہ سے اوٹھاکے جگادیا   یہی تو وہ

وَعَدَ الرَّحمٰنُ وَصَدَقَ المُرسَلُونَ

قیامت ہے جسکا وعدہ خدای رحمن نے کیاتھا اور پیغمبر سچ کہتے تھے

اِن کَانَت اِلَّا صَیحَةً وَّاحِدَةً

قیامت بس ایک زور کی آواز صور ہوگی

فَاِذَا ہُم جَمِیعٌ لَّدَینَا مُحضَرُونَ

اور سب کے سب اوسی وقت ہمارے سامنے لاحاضر کیے جائینگے

فَالیَومَ لَا تُظلَمُ نَفسٌ شَیئًا وَّلَا

پھر اوس دن کسی پر ذرا سا بھی ظلم نہ ہوگا   اور

فالیوم لاتظلم خداوند کریم فرماتا ہے کہ قیامت کے دن کسی پر کچھ ظلم نہ کیا جائیگا سب اپنے اپنے

تجزون الا ما کنتم تعملون ان

تم لوگ اوسی کا بدلا پاؤگے جو کرتے تھے تحقیق

اصحب الجنۃ الیوم فی شغل

بہشت کے لوگ اوس دن مزے مین اپنے جی

فکھون ھم وازواجھم فی

بہلا رہے ہونگے وہ اور اونکی بیویان

ظلل علی الارائک متکئون

سایون مین تختون پر تکیہ لگائے بیٹھی ہون گی

لھم فیھا فاکھۃ ولھم ما

وہان اونکے لئے میوے ہونگے اور وہ جو

[illegible]

يَدَّعُونَ ۝ سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ

مانگین گے | انکو اپنا سلام | کہلا بہیجے گا

رَّبٍّ رَّحِيمٍ ۝ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ

رب مہربان | اور آج تم الگ ہو جاؤ

أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ ۝ أَلَمْ أَعْهَدْ

اے گنہگارو | کیا مینے تم سے نہین کہدیا تہا

إِلَيْكُمْ يٰبَنِيٓ اٰدَمَ أَنْ لَّا تَعْبُدُوا

اے اولاد آدم | کہ نہ پوجو

الشَّيْطٰنَ ج إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ۝

شیطان کو | وہ تمہارا | کہلا دشمن ہے

[illegible] روایت ہے [illegible] ظاہر ہو گا وہ سب سر اوٹہا کے دیکہین گے [illegible] اون کے اوپر [illegible]

السلام علیکم یا اہل الجنۃ

وَّاَنِ اعۡبُدُوۡنِیۡ ھٰذَا صِرَاطٌ

اور یہ کہ میری ہی عبادت کرنا یہی سیدھی

مُّسۡتَقِیۡمٌ ۝ وَلَقَدۡ اَضَلَّ

راہ ہے تحقیق وہ بہکا لے گیا

مِنۡکُمۡ جِبِلًّا کَثِیۡرًا ؕ اَفَلَمۡ تَکُوۡنُوۡا

تم مین سے ایک جماعت کثیر کو پھر کیا تم

تَعۡقِلُوۡنَ ۝ ھٰذِہٖ جَہَنَّمُ الَّتِیۡ

سمجھ نہین رکھتے تھے لو تو اب یہ دوزخ ہے جسکا

کُنۡتُمۡ تُوۡعَدُوۡنَ ۝ اِصۡلَوۡھَا

تم سے وعدہ کیا گیا تھا بیٹھو اوس مین

الیوم بما کنتم تکفرون ○

آج اپنے کفر کے بدلے

الیوم نختم علی افواہہم

آج ہم اون کے موہنون پر مہر لگا دینگے

وتکلمنا ایدیہم وتشہد

اور اُن کے ہاتھ ہمین بتا دینگے اور گواہی دینگے

ارجلہم بما کانوا یکسبون ○

اون کے پانون کہ وہ کیسے کیسے کرتوت کرتے تھے

ولو نشاء لطمسنا علی اعینہم

اگر ہم چاہین تو اونکی آنکھین چٹم کردین

جس سے وہ پہتر بنا دیتے خنزیر اور کرکے بندر اون کو مین پہچانا تو اور اگر ہم لمسخنٰہم

فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ○

پہر وہ رستہ کی طرف دوڑین تو کیسے سوجھ پڑے

وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ

اور اگر ہم چاہین تو جہان کی تہان اونکی صورتین بدلدین

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ○

پہر تو اون سے نہ آگے بڑہا جا سکے نہ واولٹے پہر سکین

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ط

اور جسے ہم بڈہا کرتے ہین اُسے بناوٹ مین اولٹا کرتے جاتی ہین

اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ○ وَمَا عَلَّمْنٰهُ

پہر کیا تم اتنی بہی عقل نہین رکہتے ہم نے انہین نہین سکہائی

جہان کی تہان پہر اس سے ہٹ کہین آجا نہ سکتے اور جس حالت پر وہ ہین اوس کی طرف ہی عود نہ کر سکتے

ومن نعمرہ یعنی جسے زیادہ عمر دیتے ہین پہر اسکی قوتین گہٹتی جاتی ہین اور ضعف بڑہتا جاتا جیسے بچپن

الشِّعْرَ وَمَا يَنْبَغِىْ لَهٗ ۭ اِنْ هُوَ

شاعری اور وہ اونکی شان کے لایق بہی نہین یہ قرآن

اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۝ لِّيُنْذِرَ

تو بس نری نصیحت ہے اور صاف صاف ہے تاکہ ڈراوے

مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ

زندہ دلون کو اور ثابت ہو حجت

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا

منکرون پر اور کیا وہ نہین دیکہتے

خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ

کہ ہم نے اپنے ہاتہون سے اون کو بنا دئے

اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ۝

چوپائے جن کے اب وہ مالک ہین

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ

اور ہم نے اونکو انکے لئے عاجز کر دیا پہر کوئی انکی سواری ہی

وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ۝ وَلَهُمْ فِيْهَا

اور کسی کو وہ کہاتے ہین اور انکے لئے اونمین

مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝

فائدے ہین اور پینے کے گہاٹ پہر شکر کیون نہین کرتے

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً

اور الله کے سوای اور معبود اپنے لئے بنا رکہے ہین

لَعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

کہ شاید اونہین مدد ملے   مگر وہ اونکی کچھہ بہی

نَصْرَهُمْ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ

مدد نہ کرسکینگے   اور یہ   اُن کا لشکر بنکر

مُّحْضَرُوْنَ ۝ فَلَا يَحْزُنْكَ

پکڑے ہوئے آوینگے   اب تم غمگین نہ ہو

قَوْلُهُمْ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَ

اُن کے کلام سے ہم جانتے ہین جو وہ چھپا کے کرتے ہین اور

مَا يُعْلِنُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ

جو وہ کھولکے کرتے ہین   کیا آدمی نہین دیکھتا کہ

اولم یرا الانسان انا خلقنٰہ الخ

کیا انسان نہیں دیکھتا کہ ہم نے اوسکو نطفہ سے پیدا کیا

اِنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ

ہم نے اُسے نطفہ کی ایک بوند سے بنایا اِس پر بھی

خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَضَرَبَ لَنَا

صریح جھگڑنے کو تیار ہو گیا اور ہمین پر جمانے لگا

مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ

پھبتیان اور اپنی اصل کو بھول گیا کہنے لگا

يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝

کہ کس مین اتنی قدرت ہے جو کھو کھلی ہڈیون کو جلا دے

قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ

اون سے کہدو کہ وہی جس نے ان کو پہلی

یا الذی جعل لکم وہ اللہ قادر مطلق ہے جس نے تمہارے لئے سبز درخت سے آگ پیدا کی اور

مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُۨ ۝ۙ

بار بنایا   اور وہ سب طرح کا   بنانا جانتا ہے

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ

وہی تو ہے   جس نے سبز درخت سے بنا دی

الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ

تمہارے لئے آگ   اب اوسی سے تم اور آگ

تُوْقِدُوْنَ ۝ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ

روشن کر لیتے ہو   اور کیا   جس نے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

آسمان   اور زمین بنائے

تم اوسی میں سے اوسکو روشن کرتے ہو اولیس الذی خلق السموات والارض الخ کیا وہ ذات جس نے آسمان و زمین کو پیدا کیا اور زمین کے مثل اور آدمی دوبارہ پیدا کرنے پر قادر نہیں ہے بیشک ہے اے لوگو وہی بنانیوالا اور سب کچھ جاننے والا تو وہی ہے

بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ

کیا وہ خدا ایسے آدمی نہیں بنا سکتا

بَلٰى ۗ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝ اِنَّمَآ

کیون نہین اور وہی اصل بنانیوالا اور جاننے والا ہی اُس کا

اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ

حکم یہی ہے جب کسی چیز کو چاہے تو اوس سے کہدے

لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ

کہ ہوجا پس وہ ہوجاتی ہی پس پاک ہی وہ ذات جسکے ہاتھ مین

مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

ہر چیز کی حکومت ہے اور اوسی کے پاس پھر لوٹ کر جاؤ گے

سورۃ الفتح مدنیۃ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا ۙ

تحقیق ہم نے تمہیں ظاہر فتح دیدی

لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ

تاکہ خدا معاف کرے تمہارے گذشتہ اور

مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ

آئندہ گناہ اور تم پر پورے کرے

نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا

اپنے احسان اور چلاوے تم کو سیدھے

مُّسْتَقِيْمًا ۝ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا

رستہ پر اور خدا تمھین زبردست

عَزِيْزًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ

مدد دے وہ خدا ہی تو تھا

السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ

جس نے مومنین کے دلون مین چین ڈالا

لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ

تاکہ اُن کے موجودہ ایمان پر اور ایمان بڑھے

وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط

اور آسمان اور زمین کے لشکر اللہ ہی کے ہین

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ

اور وہی خبردار حکمت والا ہے

لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

تاکہ خدا ایمان والے مردون اور عورتون کو پہنچاوے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

بہشت کے باغون مین جنکے نیچے نہرین بہتی ہونگی

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ط

وہ سدا انہین مین رہین گے اور تاکہ اُنکے اوپر سے اُنکی گناہ اوتارے

(۱۱)

وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا

اور اللہ کے نزدیک یہ بڑی کامیابی ہے

وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ

اور تا عذاب کرے دغاباز مردوں کو اور عورتوں کو

وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ

اور شرک والے مردوں کو اور عورتوں کو جو گمان کرتے ہیں

بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ۭ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ

اللہ پہ برے گمان اونہیں پر پڑے پھیر

السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

مصیبت کا اور غصہ ہوا اللہ اون پر

وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ط

اور اونکو پھٹکارا اور رکھی اُن کیواسطے دوزخ

وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ

اور بری جگہہ پہونچے اور اللہ کے ہین لشکر

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَكَانَ اللّٰهُ

آسمانون کے اور زمین کے اور اللہ ہے

عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ

زبردست حکمت والا ہم نے تجھکو بھیجا

شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

احوال بتلانے والا اور خوشی اور ڈر سناتا

لِتُؤْمِنُوا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهٖ وَ

تاکہ تم لوگ یقین لاؤ اللہ پر اور اوسکے رسول پر اور

تُعَزِّرُوهُ وَتُوَقِّرُوهُ ۭ وَتُسَبِّحُوهُ

اوس کی مدد کرو اور اوسکا ادب رکھو اور اُسکی پاکی بولو

بُكْرَةً وَّاَصِيلًا ۝ اِنَّ الَّذِينَ

صبح اور شام جو لوگ

يُبَايِعُونَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللّٰهَ ۭ

ہاتھ ملاتے ہین تجھ سے وہ ہاتھ ملاتے ہین اللہ سے

يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ

اللہ کا ہاتھ ہے اوپر اُنکے ہاتھ کے پس جو کوئی قول توڑے

فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ وَمَنْ

سو توڑتا ہے اپنے برے کو اور جو کوئی

اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ

پورا کرے جس پر اقرار کیا اللہ سے

فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ○

وہ دے گا اوسکو اجر بڑا

سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ

اب کہین گے تجھسے پیچھے رہنے والے

الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا

گنوار ہم لگے رہ گئے اپنے مالون مین

وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَاۚ

اور گھروں میں — سو ہمارا گناہ بخشوا

يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ

کہتے ہیں — اپنی زبان سے — جو نہیں

فِيْ قُلُوْبِهِمْؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ

اون کے دلمین — تو کہہ کس کا کچھ چلتا ہے

لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ

اللہ سے تمہارے واسطے — اگر وہ چاہے تم پر

ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًاؕ بَلْ

تکلیف — یا چاہے تمہارا فائدہ — بلکہ

ترقی دین میں کوشش کرے قائم رہیں اور [illegible]
ہیں جیسے کہ صلح میں جو اسلام
ہوا اور عورتوں کو بہشت کے
باغوں میں داخل کرے جن کے
نیچے نہریں بہتی ہونگی وہ لوگ ہمیشہ
رہینگے ان باغوں میں ہمیشہ رہیں گے
اور ان کے اوپر سے اُن کے گناہ
اتار دے گا اور یہی بڑی کامیابی
اللہ کے نزدیک یہی ہے

ويعذب المنافقين و المنافقت الخ اور عذاب دیگا
منافق مردوں اور منافق عورتوں کو
اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو [illegible]
[illegible]

كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝

الله ہے تمہارے کام سے خبردار

بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ

کوئی نہیں تم نے خیال کیا کہ پھر کر نہ آویگا

الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى

رسول اور مسلمان اپنے

اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ

گھر کبھی اور بھلا نظر آیا

فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ صلے

تمہارے دلمین یہ اور گمان کئے تم نے برے گمان

ص اپنے ہی جی پر اس کا نقصان ہوگا اور جو اُس عہد کو پورا کریگا جو اُس نے اللہ سے کیا ہے تو عنقریب خدا اُسے بڑا اجر دیگا۔

وَكُنْتُمْ قَوْمًا بُوْرًا ۝ وَمَنْ لَّمْ

اور تم لوگ تھے برباد ہونے والے — اور جو کوئی

يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ

یقین نہ لاوے اللہ پر — اور اُسکے رسول پر — تو ہم نے

اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ۝

رکھی ہے منکرون کے واسطے — دہکتی آگ

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط

اور اللہ کا ہے راج — آسمانون کا — اور زمین کا

يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ

بخشے جس کو چاہے — اور مار دے

ومن لم یؤمن

مَنْ يَّشَآءُ ط وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا

جس کو — اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمًا ۝ سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ

مہربان ہے — اب کہیں گے پیچھے رہ گئے ہوئے

اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ

جب چلو گے — غنیمتیں لینے کو

لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ج

چھوڑو ہم — چلیں تمہارے ساتھ

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ط

چاہتے ہیں — کہ بدلیں — اللہ کا

باللہ ورسولہ

اور بدلنا اور ٹالنا چاہتے ہیں تو اے محمد صلعم اون سے کہدو کہ تم ہرگز ہمارے ساتھ نہیں چلوگے یہی نزدیک ہم کے [illegible] وہ پیچھے رہگئیں گے ای مومنین تم ہم سے حسد کرتے ہو اور اسی وجہ سے غنیمت کی غنیمتوں میں [illegible]

قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ

کہا تو کہہ تم ہمارے ساتھ نہ چلوگے یوں ہی کہدیا

اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ

اللہ نے پہلے سے پھر اب کہیں گے

بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ؕ بَلْ كَانُوْا

نہیں تم جلتے ہو ہمارے سے کوئی نہیں پر

لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ قُلْ

وہ نہیں سمجھتے ہیں مگر تھوڑا کہدے

لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ

پیچھے رہے ہوئے گنواروں کو

[illegible]

قل للمخلفین من الاعراب ستدعون الی قوم

سَتُدۡعَوۡنَ اِلٰی قَوۡمٍ اُولِیۡ

آگے تم کو بلا دینگے | ایک لوگوں پر | بڑے

بَاۡسٍ شَدِیۡدٍ تُقَاتِلُوۡنَهُمۡ

سخت لڑنے والے | تم ان سے لڑوگے

اَوۡ یُسۡلِمُوۡنَ ج فَاِنۡ تُطِیۡعُوۡا

یا وہ مسلمان ہونگے | پھر اگر | حکم مانوگے

یُؤۡتِکُمُ اللّٰهُ اَجۡرًا حَسَنًا ج وَاِنۡ

دیگا تم کو | اللہ | نیک اچھا | اور اگر

تَتَوَلَّوۡا کَمَا تَوَلَّیۡتُمۡ مِّنۡ قَبۡلُ

پلٹ جاؤگے | جیسے پلٹ گئے | پہلی بار

يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ۝

مار دے گا تم کو ایک دکھ کی مار

لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَىٰ حَرَجٌ وَلَا

اندھے پر تکلیف نہین اور نہ

عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى

لنگڑے پر تکلیف اور نہ

الْمَرِيضِ حَرَجٌ ۗ وَمَن يُطِعِ اللَّهَ

بیمار پر تکلیف اور جو کوئی حکم مانے اللہ کا

وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي

اور اوسکے رسول کا اوسکو داخل کریگا باغون مین جنکے نیچے

نہین ہوتا اور جو شخص اللہ اور اوسکے رسول برحق محمد کی اطاعت کرتا ہے اللہ اوسے بہشت کے ایسے باغون مین داخل کریگا جن کے تلے نہرین بہتی ہین اور جو ... اوسکے ... عذاب ...

مِن تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ وَمَن يَتَوَلَّ

بہتی ہونگی ندیان اور جو کوئی پلٹ جاوے

يُعَذِّبْهُ عَذَابًا أَلِيمًا ۝ لَقَدْ

اوس کو مار دے دکھ کی مار البتہ

رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ

خوش ہوا ایمان والون سے

إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

جب ہاتھ ملانے لگے تجھسے اوس درخت کے نیچے

فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَنْزَلَ

پھر جانا جو اُن کے جی مین تہا پھر اوتارا

السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ

اون پر چین — اور انعام دے اونکو

فَتْحًا قَرِيْبًا ۝ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً

ایک فتح نزدیک — اور بہت غنیمتین

يَّاْخُذُوْنَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا

جو اون کو لین گے — اور اللہ ہے زبردست

حَكِيْمًا ۝ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ

حکمت والا — وعدہ دیا ہے تم کو اللہ نے غنیمتونکا

كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ

بہت — تم اون کو لوگے — سو شتاب ملادی تم کو

واخریٰ لم تقدروا علیہا الخ اور علاوہ فتح خیبر کے ایک اور فتح ہے یعنی مکہ کی جس تک ابھی تمہاری دسترس نہ تھی خدا کے بس مین ہے اور اللہ ... سب چیزون پر قادر ہے ... ولو قاتلکم الخ ... کافر

اسد و غطفان و خیبر ... پیغمبر کے ... اور کوئی ان کا دوست اور مددگار نہ ہوتا

هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ

یہ اور روکے لوگون کے ہاتھ

عَنْكُمْ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

تم سے اور تا ایک نمونہ ہو قدرت کا مسلمانون کے واسطے

وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ لا

اور چلاوے تم کو سیدھی راہ

وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا

اور ایک فتح جو تمہارے بس مین نہ آئی

قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ط وَكَانَ اللّٰهُ

وہ اللہ کے قابو مین ہے اور اللہ

عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرًا ۝ وَلَوْ قٰتَلَكُمُ

ہر چیز کر سکتا ہے — اور اگر لڑتے تم سے

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ

کافر — تو پھیرتے پیٹھ

ثُمَّ لَا یَجِدُوْنَ وَلِیًّا وَّلَا نَصِیْرًا ۝

پھر نہ پاویں گے — کوئی حمایتی — نہ مددگار

سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِیْ قَدْ خَلَتْ

رسم پڑی اللہ کی — جو چلی آتی ہے

مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ

پہلے سے — اور تو نہ دیکھے گا

سنۃ اللہ الخ پہلے سے اللہ کا طریقہ دوستوں اور دشمنوں سے یہی چلا آتا ہے کہ جب کبھی فیصلہ کن مقابلہ ہو وہ اپنے دوستوں کی حمایت کرتا ہے اور انہیں فتح دیتا ہے اور دشمنوں پر قہر نازل کرتا ہے اور ان کو [illegible] دنیا سے [illegible] اور [illegible]

اللّٰهِ تَبۡدِيۡلًا ۝ وَهُوَ الَّذِيۡ

اللہ کی رسم بدلتے — اور وہی ہے جس نے

كَفَّ اَيۡدِيَهُمۡ عَنۡكُمۡ وَاَيۡدِيَكُمۡ

روک رکھے اُن کے ہاتھ تم سے — اور تمہارے ہاتھ

عَنۡهُمۡ بِبَطۡنِ مَكَّةَ مِنۡ بَعۡدِ

اون سے — بیچ شہر مکہ کے — پیچھے اس سے

اَنۡ اَظۡفَرَكُمۡ عَلَيۡهِمۡ وَكَانَ اللّٰهُ

کہ تمہارے ہاتھ لگا دے وہ — اور اللہ

بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرًا ۝ هُمُ الَّذِيۡنَ

جو کرتے ہو دیکھتا ہے — وہی جنہوں نے

اور اگر نہ مکہ مین کچھ مسلمان مرد اور عورتین کافرون کے ڈر سے مار سے پیچھے

كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

انکار کیا اور روکا تم کو ادب والی

الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ

مسجد سے اور نیاز کی قربانی کو بند پڑے نہ

يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ۭ وَلَوْلَا رِجَالٌ

پہونچے اپنی جگہہ تک اور اگر نہوتے کتنے

مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَاۗءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ

مرد ایمان والے اور کتنی عورتین ایمان والیان

تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَــُٔوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ

جو تم کو معلوم نہین یہ خطرہ کہ انکو پیس ڈالتے پہر تم پر

نا ہو سکتے تو ہوسکے جنہین تم مسلمان لوگ بہی نہین جانتے تہے اور حدیبیہ کے زمانہ مین لڑائی ہو جاتی تو تم ان کو نہین پامال کر ڈالتے اور تمہین انکی دیت دینے سے نقصان

مِنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ لِّيُدْخِلَ

خرابی پڑتی بے خبری سے کہ داخل کرنا

اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

اللہ کو اپنی مہر مین جس کو چاہے

لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ

اگر وہ لوگ ایک طرف ہو جاتے تو آفت ڈالتے ہم

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝

منکرون پر دکھہ کی مار

اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ

جب رکھی منکرون نے اپنے دل مین

كَفَرُوا وَصَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

انکار کیا اور روکا تم کو ادب والی

الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوفًا أَنْ

مسجد سے اور نیاز کی قربانی کو بند پڑے نہ

يَبْلُغَ مَحِلَّهُ ۚ وَلَوْلَا رِجَالٌ

پہونچے اپنی جگہ تک اور اگر نہوتے کتنے

مُؤْمِنُونَ وَنِسَاءٌ مُؤْمِنَاتٌ لَمْ

مرد ایمان والے اور کتنی عورتین ایمان والیان

تَعْلَمُوهُمْ أَنْ تَطَئُوهُمْ فَتُصِيبَكُمْ

جو تم کو معلوم نہین یہ خطرہ کہ انکو پیس ڈالتے پھر تم پر

مِنْهُمْ مَعَرَّةٌ بِغَيْرِ عِلْمٍ لِيُدْخِلَ

خرابی پڑتی بے خبری سے که داخل کرنا

اللّٰهُ فِي رَحْمَتِهِ مَنْ يَّشَاۤءُ

الله کو اپنی مہر مین جس کو چاہے

لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ

اگر وہ لوگ ایک طرف ہو جاتے تو آفت ڈالتے ہم

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝

منکرون پر دکھہ کی مار

اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ

جب رکھی منکرون نے اپنے دل مین

الحمية حمية الجاهلية

پیچ نادانی کی ضد

فانزل الله سكينته على رسوله

پہر اوتارا اللہ نے اپنی طرف کا چین اپنے رسول پر

وعلى المؤمنين والزمهم

اور مسلمانون پر اور لگا رکہا اُن کو

كلمة التقوى وكانوا احق

ادب کی بات پر اور یہی تہے لایق

بها واهلها وكان الله بكل

اسکے اور اس کام کے اور اللہ ہر چیز سے

کو دربار
شرائط صلح باوجود
اپنے منشاء کے خلاف
ہونے کے بھی
مانا - اور ہم نے
لازم و ثابت کیا
اون پر صلح کو اور
کلمہ لا الہ الا اللہ
محمد رسول اللہ کو

لقد صدق الله رسوله الرءیا بالحق

شَيْءٍ عَلِيمًا ۝ لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ

خبردار ہے　　اللہ نے　　سچ دکھایا

رَسُولَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ

اپنے رسول کو　　خواب　　تحقیق　　تم داخل ہوگے

الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

ادب والی مسجد مین　　اگر اللہ نے چاہا

اٰمِنِينَ مُحَلِّقِينَ رُءُوسَكُمْ

چین سے　　بال مونڈتے　　اپنے سرون کے

وَمُقَصِّرِينَ لَا تَخَافُونَ ط

اور　　کترتے　　بے خطرہ

فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ

پھر جانا جو تم نہین جانتے پھر ٹھیرا دی

مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ○

اوس سے ورے ایک فتح نزدیک

هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ

وہی ہے جس نے بھیجا اپنا رسول

بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ

راہ پر اور سچے دین پر کہ اوپر رکھے اوسکے

عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

ہر دین سے اور بس ہے اللہ

دخل ہوتا اسوقت بیشک نہین اگر اوس وقت لڑائی ہو جاتی تو بہت سے مسلمان مرد اور عورتین کہ جن کافرون کے ساتھ گیہون کیطرح پس جاتین اور بہت سے آدمی ایمان سے محروم رہتے پس اللہ نے

محمد رسول اللہ محمد اللہ کے بھیجے ہوئے ہین یعنی اللہ نے اونکو بھیجا ہے سچے دین کی پیروی دنیا کے اور وہ اہل ایمان جو آپ کے ساتھ ہین کافرون کے مقابلہ مین قوی اور غالب ہین کافرون پر زبردست ہین آپس مین مہربان ہین اور نہایت رحم دل ہین آپس مین ایک دوسرے کی طرح جب بیٹھے ہین تو آپس مین ہر وقت اور ہمیشہ رکوع اور نماز اور سجدے مین مشغول رہتے ہین اسلیے کہ خدا کے فضل اور اوسکی خوشنودی کے طلبگار رہتے ہین اور چہرون پر سجدون کے نشان ہوتا ہے جو اونکی پہچان ہے اور سجدون کے نشان سے چہرون کا وہ نور اور سفیدی مراد ہے جو قیامت مین پہچانے جائینگے اونکو دنیا مین معلوم نہین ہوتی

شُهَدَاءً ○ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ

حق ثابت کرنیوالا محمد رسول اللہ کا

وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى

اور جو اُس کے ساتھ ہین زور آور ہین

الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰهُمْ

کافرون پر نرم دل ہین آپسمین تو دیکھے اونکو

رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا

رکوع مین اور سجدہ مین ڈھونڈھتے ہین فضل

مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ

اللہ کا اور اوسکی خوشی پانا اون کا

ذلك مثلهم في التورٰىة یہ اوصاف اور قصہ مذکور ہوا توریت میں ہے اور انکی صفت انجیل میں یہ ہے کہ جیسے کھیتی جسنے پہلا زمین سے اپنا پٹھا نکالا پھر اوسے مضبوط کیا تو کھیتی سخت اور موٹی ہو گئی اور پھر اپنے نال پر کھڑی ہو گئی یعنی برابر ہو گئی جسقدر [illegible]

فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ط

اُن کے مُنہ پر ہے سجدیکے اثر سے

ذَٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ ج صلے

یہ کہاوت اونکی توریت میں ہے

وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيلِ قف

اور کہاوت اُنکی انجیل میں ہے

كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ

جیسے کھیتی نے نکالا اپنا پٹھا

فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَىٰ

پھر اوسکی کمر مضبوط کی پھر موٹا ہوا پھر کھڑا ہو

[illegible]

عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ

اپنے نال پر خوش لگتا

الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ

کھیتی والون کو تا جلاوے ان سے جی

الْكُفَّارَ ۗ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

کافرون کا وعدہ دیا ہے اللہ نے انھین سے جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ

یقین لائے ہین اور کئے ہین بھلے کام

مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝

ان سے اللہ نے معافی اور بڑے اجر کا وعدہ کیا ہے

صحابہ اور تمام اہل ایمان کو سمجھا ہے اللہ وعدہ کرتا ہے کہ جو ان مین سے ایمان لائے اور نیک عمل کئے اونہین مین بخشدونگا اور ثواب عظیم یعنی جنت مرحمت فرماونگا

سورة الرحمن مكية

بسم الله الرحمن الرحيم

شروع الله کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الرحمن ۝ علم القرآن ۝ خلق

خدای رحمن نے قرآن سکھایا بنایا

الانسان ۝ علمه البيان ۝

آدمی پھر سکھائی اوسکو بات

الشمس والقمر بحسبان ۝

سورج اور چاند ایک حساب کے ساتھ ہین

وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ۝

اور جہاڑ ا اور درخت لگے ہین سجدہ مین

وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ۝ لا

اور آسمان کو اونچا کیا اور رکھی ترازو

اَلَّا تَطْغَوْا فِى الْمِيْزَانِ ۝ وَاَقِيْمُوا

کہ مت زیادتی کرو ترازو مین اور سیدہی

الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا

ترازو تولو انصاف سے اور مت گہٹاو

الْمِيْزَانَ ۝ وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا

تول اور زمین کو رکھا واسطے

لِلْاَنَامِ ۝ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّالنَّخْلُ

خلق کے — اوسمین میوہ ہے — اور کھجورین

ذَاتُ الْاَكْمَامِ ۝ وَالْحَبُّ

جنکے میوے پر غلاف — اور اناج

ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ۝

جس کے ساتھ بھس ہے — اور پھول خوشبودار

فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

پھر کیا کیا نعمتین اپنے رب کی جھٹلاؤگے

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ

اوسی نے انسان کو بنایا بجتی ہوئی مٹی سے

كَالْفَخَّارِ ۙ وَخَلَقَ الْجَآنَّ

جیسے ٹھیکرا اور بنایا جان کو

مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۚ فَبِاَیِّ

ڈیک ماری آگ سے پھر کیا کیا

اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۞ رَبُّ

نعمتین اپنے رب کی جھٹلاؤ گے تم دونون مالک

الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَیْنِ ۚ

دو مشرق کا اور مالک دو مغرب کا

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۞

پھر کیا کیا نعمتین اپنے رب کی جھٹلاؤ گے

وخلق الجان اور جن یعنی ابلیس سو وہ ابو الجن ہے آگ کے صاف شعلے سے جس مین دہوان نہ تہا پیدا کیا اور بالمشرقین دی ضیا طارب اور گرمی مین سورج جہان سے نکلتا ہے وہ دو مختلف مقامون کا اور اسی طرح غروب کے دو مختلف مقامون کا مالک ہے واضح ہو کہ موسم سرما و گرما دونون مین آفتاب جس جگہ سے نکلتا ہے شرق مین ہی ہے لیکن سرما و گرما کے موسم مین شرق مین مختلف مقامون سے نکلتا ہے تو جاڑے مین پس ان دونون مقامون کو اس آیت مین مشرقین یعنے دو مشرق کہا ہے اور اسی طرح جاڑے کے موسم مین آفتاب جس جگہ غروب ہوتا ہے اور گرمی مین جہان غروب ہوتا ہے تو یہ دونون مقام مغرب مین ہین تو ان دونون کو یہان اس لئے اون کو مغربین یعنے دو مغرب فرمایا ہے

مرج البحرین یلتقین ۔ اُسی جگہ سے کھاری اور میٹھے دو بحر باہم مل جاتے ہیں ۔ وہ ایک دوسرے سے گڈمڈ نہیں ہونے پاتے ان کے درمیان اللہ کی قدرت کا ایک پردہ ہے جس سے ایک دوسرے کی طرف بڑھ نہیں سکتے نہ وہ زیادتی کرتے

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ۙ

چلائے دو دریا بھڑ چلے

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ۚ

اونمین ہے ایک پردہ زیادتی نہین کرتے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ

پھر کیا کیا نعمتین اپنے رب کی جھٹلاؤ گے

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ۚ

نکلتا ہے موتی اور مونگا

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ

پھر کیا کیا نعمتین اپنے رب کی جھٹلاؤ گے

وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ فِي الْبَحْرِ

اور اوسی کے ہین جہاز اونچے کہڑے دریا مین

كَالْاَعْلَامِ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا

جیسے پہاڑ پہر کیا نعمتین اپنے رب کی

تُكَذِّبٰنِ ۞ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۞

جہٹلاؤ گے جو کوئی ہے زمین پر نبٹنے والا ہی

وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَ

اور رہے گا منہہ تیرے رب کا بزرگی اور

الْاِكْرَامِ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا

تعظیم والا پہر کیا نعمتین اپنے رب کی

یسئلہ من فی السموات و الارض فرشتے اور جن و انس جو آسمان و زمین مین ہین اسی سے بخشش اور رزق وغیرہ مانگتے ہین وہ

تُكَذِّبٰنِ ○ يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

جھٹلاؤ گے اُس سے مانگتے ہین جو کوئی ہین آسمانون

وَالْاَرْضِ ؕ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ

اور زمین مین ہر دن اوس کو ایک

شَاْنٍ ○ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

دھندا ہے پھر کیا کیا نعمتین اپنے رب کی

تُكَذِّبٰنِ ○ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ○

جھٹلاؤ گے ہم جلد فارغ ہوتے ہین تمہاری طرف اے دو بوجھل قافلو

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○

پھر کیا کیا نعمتین اپنے رب کی جھٹلاؤ گے

سب کا پروردگار ہر روز ایک نئی حالت اور شان مین ... رہتا ہے ... بیکار کبھی نہین رہتا بعض لوگون کا عقیدہ ہے کہ خدا کو جو کچھ کرنا تھا وہ ازل مین کر چکا اب بیکار

سنفرغ لکم الخ ... سب کامون سے فرصت پا کر تمہاری جزا اور سزا کی طرف ... جن و انس متوجہ ہونے والے ہین

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ

اے فرقے جنوں کے اور انسانوں کے اگر

اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ

تم سے ہو سکے کہ نکل بھاگو

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا

آسمان اور زمین کے کناروں سے

لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ○

تو نکل بھاگو نہیں نکل سکنے کے بن سند

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ○

